© rasailojaraid.com



# کونسل کا ۲۰۸واں اجلاس

(۶/ دسمبر ۲۰۱۷ء)









اسلامی نظریاتی کونسل کا ۲۰۸واں اجلاس مؤرخہ ۶/ دسمبر ۲۰۱۷ء بروز بدھ زیر صدارت جناب پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز، چیئرمین کونسل انعقاد پذیر ہوا۔ اجلاس میں درج ذیل معزز اراکین کونسل نے شرکت فرمائی:-

"جناب علامہ عبدالحکیم اکبری، جناب جسٹس (ریٹائرڈ) محمد رضاخان، جناب ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، محترمہ ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی، جناب صاحبزدہ زاہد محمود قاسمی، جناب مولانا امداد اللہ، جناب عبداللہ، جناب علامہ سید افتخار حسین نقوی، جناب جسٹس (ریٹائرڈ) منظور حسین گیلانی، جناب ڈاکٹر قاری عبدالرشید، جناب عارف حسین واحدی، جناب ابوالظفر غلام محمد سیالوی، جناب مولانا حافظ فضل الرحیم، جناب ملک اللہ بخش کلیار، جناب خورشید احمد ندیم"۔

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ بعد ازاں نئے آنے والے معزز ممبران کونسل کو خوش آمدید کہنے کے بعد باہمی تعارف ہوا۔ اس کے بعد ایجنڈا پر باقاعدہ گفتگو کا آغاز ہوا اور درج ذیل آئٹم زیر بحث آئے اور فیصلے ہوئے:

- (الف) سارک انرجی سنٹر (SEC) کا زکوٰۃ سے استثنٰی کے لیے سرٹیفکیٹ کا حصول، (ب) زکوٰۃ وعشر آرڈیننس کے سیکشن نمبر ۲ کے تحت مختلف اداروں / سوسائٹیز اور فنڈز کا زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثناء اور نفع بخش اسکیموں میں سرمایہ کاری استفسارات از وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
- پاکستانی کرنسی کے ایک روپیہ کے سکے پر تحریر کردہ نام "قائداعظم محمد علی جناح" استفسار از وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، حکومت پاکستان اسلام آباد
- قومی پالیسی برائے بین المذاہب ہم آہنگی اور قانون برائے قومی کمیشن ۲۰۱۵ء کے مسودات۔۔۔ استفسار از وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، حکومت پاکستان اسلام آباد
- پاکستان پینل کوڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۱۷ء (دیت کی رقم کا تعین)۔۔۔استفسار از وزارت داخلہ، حکومت پاکستان، اسلام آباد
- فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۱۷ء (بابت میت کی توہین وغیرہ)---استفسار از وزارت داخلہ، حکومت پاکستان، اسلام آباد
- انسداد جادوگری (Witchcraft) بل، ۲۰۱۷ء---استفسار از قائمہ کمیٹی وزارت داخلہ، حکومت پاکستان، اسلام آباد
- پاکستان پینل کوڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۱۷ء (اقدام خودکشی کی سزا)--استفسار از وزارت خارجہ، حکومت پاکستان، اسلام آباد
- ہندو میرج بل ۲۰۱۶ء کی دفعہ ۱۲ (۱) (iii)---مراسلہ از انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز، اسلام آباد
- قانون انتخاب بل ۲۰۱۷ء---برائے اطلاع
- مسلم عائلی قوانین (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۱۷ء (بل) (بابت فقہ جعفریہ میں تقسیم میراث) استفسار از وزارت قانون وانصاف، حکومت پاکستان، اسلام آباد---برائے اطلاع ورائے۔



© rasailojaraid.com